سیاسی فرقے اور اسلامی خلافت

مسلمانوں کو فرقہ بندی سے اسی لیے روکا گیا ہے، کیونکہ اس سے باہمی نفرت اور دشمنی پیدا ہوتی ہے، مسلمان کی اجتماعی قوت ختم ہو جاتی ہے

قرآن کی یہ آیت تو آپ نے ضرور سنی ہو گی

"اللہ کی رسی کو مظبوطی سے پکڑے رہو اور فرقہ فرقہ نہ بنو"

کیا یہ آیت صرف مذہبی فرقوں کے متعلق ہے یا سیاسی اور ملکی فرقوں کو بھی شامل ہے...؟؟

ان فرقوں سے بھی مسلمانوں کو وہی نقصان ہو رہے ہیں، جو مذہبی فرقوں سے ہو رہے ہیں

سیاسی فرقوں سے میری مراد نون، قاف، پی پی، لبیک، پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی وغیرہ ہیں

ملکی فرقوں سے میری مراد پاکستانی، بنگالی، افغانی، ایرانی، سعودی اور ترکی وغیرہ ہیں

یاد رہے

خلفاء راشدین کے زمانے میں پوری دنیا کے مسلمانوں کا ایک ہی لیڈر ہوتا تھا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کتنے لاکھ مربع میل پر حکومت کرتے تھے، یہ بھی آپ جانتے ہوں گے

نوٹ:

پوری دنیا کے مسلمانوں کا ایک عالمی لیڈر ہو، اسی کو اصطلاح میں " اسلامی نظام خلافت " کہتے ہیں

تحریر:

احسان اللہ کیانی

جولائی 2018